پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

19 مئی 2018

# آر بی آئی نے ''پدم شری ڈاکٹر وٹھل راؤ وکھے پاٹل کوآپریٹو بینک لمیٹیڈ، ناسک، مہاراشٹر کو ہدایات جاری کی

ریزرو بینک آف انڈیا نے (مورخہ 18 مئی 2018 کے ڈائریکٹو ڈی سی بی ایس۔ سی او۔ بی ایس ڈی۔ آئی/ ڈی 7/12.22.395/2017-18 کے ذریعہ) ''پدم شری ڈاکٹر وٹھل راؤ وکھے پاٹل کوآپریٹو بینک لمیٹیڈ، ناسک، مہاراشٹر' کو کچھ ہدایات (پابندی) کے تحت رکھا ہے۔ ان ہدایات کے مطابق ڈپازٹرس کو ان کے کل بیلنس سے صرف ایک ہزار (-/Rs.1,000) تک کی رقم نکالنے کی اجازت کرنٹ اکاؤنٹ، سیونگ بینک اکاؤنٹ یا کوئی اور ڈپازٹ اکاؤنٹ سے ہوگی۔ اور یہ نکاسی بھی آر بی آئی کی ہدایات کی شرط کے ساتھ ہوگی۔ یہ کوآپریٹو بینک بغیر ریزرو بینک کی پیشگی تحریری اجازت کے کسی کو قرض کی منظوری/ پیشگی رقم نہیں دے سکے گی۔ اور نہ ہی وہ کسی رقم ادھار لے سکے گی۔ اور نہ ہی وہ کسی بھی طرح کا انویسٹمنٹ کر سکے گی۔ وہ کسی بھی طرح سے اپنے اثاثہ اور پراپرٹی کو فروخت نہ کر سکے گی۔ سوائے ان کے جس کے بارے میں ریزرو بینک نے اپنے اس ڈائریکٹو میں ذکر کیا ہو۔ یہ ہدایات 19 مئی 2018 کو بینک کے کام کے اختتام سے عمل میں آئے گی۔

ریزرو بینک کے ذریعہ ہدایات جاری ہونے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ریزرو بینک نے اس کوآپریٹو بینک کا بینکنگ لائسنس منسوخ کر دیا ہے۔ بینک معمول کے مطابق اپنا کاروبار صرف پابندیوں کے ساتھ جاری رکھے گی جب تک اس کی مالی حالت میں سدھار نہیں ہوتا ہے ریزرو بینک حالات کے مدنظر اپنی ان ہدایات میں ترمیمات پر غور بھی کر سکتا ہے۔

ریزرو بینک نے یہ ہدایات بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن 35A کے سب سیکشن (i) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے میں حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے جاری کی ہیں۔ ان ہدایات کی ایک کاپی بینک احاطہ میں عوام کی جانکاری کے لئے مظاہرہ کے لئے رکھی جائے۔

**پریس ریلیز** 3044/2017-2018

**اجیت پرساد**
**اسسٹنٹ ایڈوائزر**